اکتوبر 96

ورلڈ اسلامک فورم کا تعلیمی پروگرام

"اسلامک ہوم اسٹڈی کورس"

ورلڈ اسلامک فورم نے ۲۔ اکتوبر ۹۳ء کو جامع مسجد و ۔مبلڈن پارک لندن میں اپنے دوسرے سالانہ مشاورتی اجلاس میں فیصلہ کیا کہ برطانیہ اور دیگر مغربی ممالک میں مقیم مسلم خاندان کے بچوں کے لیے دینی تعیمات کا خط و کتابت کورس اردو اور انگلش دو زبانوں میں شروع کیا جائے' اس مقصد کے لیے بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ میں "دعوہ اکیڈمی" کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمود احمد غازی صاحب سے رابطہ کیا گیا اور انہوں نے "دعوہ اکیڈمی" کا تیار کردہ "مطالعہ اسلام کورس" ایک معاہدہ کے تحت ورلڈ اسلامک فورم کے حوالہ کر دیا اور اسے چلانے اور ضرورت کے مطابق اسے طبع کرانے کی باضابطہ اجازت مرحمت فرمائی۔ چنانچہ مدنی ٹرسٹ مدنی مسجد نوٹنگھم کی پیش کش پر اس کورس کے انتظامی امور مدنی ٹرسٹ کے سپرد کر دیے گئے اور مدنی ٹرسٹ نے ورلڈ اسلامک فورم کی نگرانی میں "اسلامک ہوم اسٹڈی کورس" کے نام سے یہ خط و کتابت کورس شروع کیا۔ اس کورس کے اجراء کا اعلان "ورلڈ اسلامک فورم" کے دوسرے سالانہ تعلیمی سیمینار میں کیا گیا جو ۲۔ اگست ۹۴ء کو اسلامک کلچرل سنٹر ریجنٹ پارک لندن میں منعقد ہوا اور اس میں دعوہ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر محمود احمد غازی' ہفت روزہ کراچی کے مدیر اعلیٰ جناب صلاح الدین شہید' شعبہ اسلامیات ڈربن یونیورسٹی جنوبی افریقہ کے سربراہ ڈاکٹر سید سلمان ندوی اور دار العلوم دیوبند کے استاذ حدیث حضرت مولانا سید ارشد نی نے بطور مہمان خصوصی شرکت فرمائی۔ ۹۴ء میں اردو اور انگلش میں یہ کورس ایک سال کے لیے شروع کیا گیا جس میں چالیس کے لگ بھگ طلبہ اور طالبات نے شرکت کی۔ جبکہ ۹۵ء سے اسے دو سالہ کورس کر دیا گیا جو اکتوبر ۹۷ء میں مکمل ہو گا اور اس میں اس وقت یورپ کے مختلف ممالک سے گیارہ سو کے قریب طلبہ اور طالبات شریک ہیں' اس کورس کی کوئی فیس (داخلہ فیس ۱۰ پونڈ کے سوا) نہیں لی جاتی اور تمام اخراجات مدنی ٹرسٹ نوٹنگھم برداشت کرتا ہے جبکہ برطانوی محکمہ تعلیم کے متعلقہ ذمہ دار حضرات سے اس کورس کو سرکاری طور پر تسلیم کرانے کے لیے مذاکرات جاری ہیں جو آخری مراحل میں ہیں۔

ورلڈ اسلامک فورم کے ایجوکیشنل سیکرٹری اور مدنی مسجد نوٹنگھم کے خطیب مولانا رضاء الحق "اسلامک ہوم اسٹڈی کورس" کے تمام انتظامی امور کے انچارج ہیں اور کورس کا ایڈریس درج ذیل ہے۔

ISLAMIC HOME STUDY COURSE

289 GLADSTONE STREET. FOREST FIELDS,

NOTTINGHAM NG7GHX (U.K.)

TEL (0115) 969 2566 FAX : (0115) 985 8997